15-06-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ چھتیس گڑھ سے بجلی کی خریداری کے معاہدہ کے سلسلہ میں وضاحت کیلئے جسٹس نرسمہا ریڈی کی زیر قیادت عدالتی کمیشن کی جانب سے تلنگانہ کے سابق وزیر اعلی کے چندر شیکھر راو کو جاری نوٹس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے چندر شیکھر راو نے کمیشن کو ایک مکتوب روانہ کیا۔

۲۔ بڑے ردوبدل میں ریاستی حکومت نے تقریباً 20 آئی اے ایس عہدیداروں بشمول 7 ضلع کلکٹرس کا تبادلہ کیا۔

۳۔ فضائیہ کے سربراہ، ایئر چیف مارشل وی آر چودھری نے آج نئے کمیشنڈ فلائنگ آفیسرس سے کہا کہ وہ نئی ٹکنالوجیز کو بالخصوص سائبر سیکٹر میں اختیار کریں اور جنگ جیتنے کیلئے مہارت کو مؤثر طریقے سے استعمال کریں۔

اور

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ بی آر ایس پارٹی جلد ہی بی جے پی میں ضم ہو جائے گی۔

☆☆☆

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے 18 جون کو ہونے والے نیٹ 2024 کے امتحان کیلئے ایڈمٹ کارڈس جاری کئے۔ یہ امتحان جونیر ریسرچ فیلوشپ ، اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدوں یا پی ایچ ڈی پروگراموں میں داخلوں کے لئے اہم ہے۔ یہ امتحان 83 مضامین میں او ایم آر شیٹ پر ہوگا۔ امیدوار اپنے ایڈمٹ کارڈس سرکاری ویب سائٹ https://ugenet.nta.ac.in سے اپنی درخواست کا نمبر اور تاریخ پیدائش کی تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

☆☆☆

فضائیہ کے سربراہ، ایئر چیف مارشل وی آر چودھری نے آج نئے کمیشنڈ فلائنگ آفیسرس سے کہا کہ وہ نئی ٹکنالوجیز کو بالخصوص سائبر سیکٹر میں اختیار کریں اور جنگ جیتنے کیلئے مہارت کو مؤثر طریقے سے استعمال کریں۔ حیدرآباد کے نواح میں واقع ایئر فورس اکیڈمی، ڈنڈیگل میں کمبائنڈ گریجویشن پریڈ کے بعد خطاب کرتے ہوئے، ایئر اسٹاف سربراہ نے کہا کہ جدید جنگ اب جسمانی نہیں ہے اور یہ ایک متحرک جنگ بن گئی ہے، جس میں سائبر ٹکنالوجی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ کہتے ہوئے کہ عوام کیلئے خدمت پہلے اور اصولوں و پیشہ ورانہ طرز عمل سے زندگی بھر کی وابستگی کا مطالبہ کرتی ہے۔ انہوں نے نئے عہدیداروں سے کہا کہ وہ اکیڈمی میں دی جانے والی اقدار کو اپنائیں اور ادارہ کے اعلیٰ معیار کے تحفظ کے لیے فرض شناس بنیں۔ چیف آف دی ایئر سٹاف نے فلائنگ اور گراؤنڈ ڈیوٹی برانچس کے تقریباً 200 فلائٹ کیڈٹس کو ونگس اور پریزیڈنٹ کمیشن پیش کیا جنہوں نے پری کمیشنڈ ٹریننگ مکمل کی۔ ہندوستانی بحریہ اور ہندوستانی کوسٹ گارڈس کے 9 آفیسرس کے علاوہ دوست ملک کے ایک عہدیدار نے بھی اکیڈمی میں تربیت مکمل کی ہے۔ قبل ازیں فضائیہ کے سربراہ نے کمبائنڈ گریجویشن پریڈ کا جائزہ لیا۔ ہاک، ڈونیر 2، ایم کے 2 کرن اور چیتک طیاروں نے فضا میں مظاہرہ کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ جموں وکشمیر میں سیکوریٹی کی صورتحال اور امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا کل صبح اعلیٰ سطحی اجلاس میں جائزہ لیں گے۔ گزشتہ روز امیت شاہ نے وزارتِ داخلہ کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ نئی دہلی میں ایک اجلاس میں جموں وکشمیر کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس اجلاس

میں کل اعلیٰ سطحی اجلاس طلب کرنے کی ہدایت دی۔ مرکزی وزارت داخلہ نے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا، قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول، سکریٹری وزارت داخلہ، فوج کے سینئر عہدیدار، پولیس جموں وکشمیر انتظامیہ اور وزارتِ داخلہ کے عہدیدار اس اجلاس میں شرکت کریں گے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی اٹلی کے ایک روزہ دورہ کے بعد آج صبح نئی دہلی واپس ہو گئے۔ اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں مودی نے اسے بامعنی قرار دیا اور کہا کہ یہ اہم جی 7 اجلاس تھا، جہاں پر دنیا کے سامنے انہوں نے ہندوستان کا پس منظر رکھا۔

☆☆☆

حکومت نے وزارتِ سماجی انصاف وتفویض اختیارات سے متعلق فرضی ویب سائٹس کی نشاندہی کی جن کے ذریعہ سرکاری ملازمتوں کی پیش کش کا دعویٰ کرتے ہوئے 435 روپے کی ناقابل واپسی فیس وصول کی جارہی تھی۔ پی آئی بی کے فیکٹ چک شعبہ نے اس بات کو پایا کہ اس ویب سائٹ کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں۔ وزارتِ سماجی انصاف و تفویض اختیارات کی سرکاری ویب سائٹ اس طرح ہے۔
socialjustice.gov.in

☆☆☆

چھتیس گڑھ کے بستر ڈویژن میں پیش آئے انکاونٹر میں 8 ماؤسٹ ہلاک ہو گئے۔ فائرنگ کے تبادلہ میں دو سیکوریٹی عہدیدار بھی زخمی ہو گئے۔ آئی ٹی بی پی، ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ اور اسپیشل ٹاسک فورس نے بستر ڈویژن کے ابوجمارڈ علاقہ میں ماؤنوازوں کی موجودگی کی اطلاع کی بنیاد پر تلاشی مہم کا آغاز کیا۔ آج صبح یہ انکاونٹر پیش آیا۔ علاقہ میں ہنوز تلاشی مہم جاری ہے۔ دو بندوقوں، ایک بی جی ایل لانچر اور دیگر ہتھیاروں کے ساتھ دو ماؤنوازوں کی نعشیں برآمد کی گئی ہے۔ ایک سیکوریٹی عہدیدار کی حالت خطرہ سے باہر ہے۔ تلاشی آپریشن علاقہ میں ہنوز جاری ہے۔

☆☆☆

چھتیس گڑھ سے بجلی کی خریداری کے معاہدہ کے سلسلہ میں وضاحت کیلئے جسٹس نرسمہا ریڈی کی زیرقیادت عدالتی کمیشن کی جانب سے تلنگانہ کے سابق وزیراعلی کے چندر شیکھر راو کو جاری نوٹس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے 1 صفحات پر مبنی مکتوب بھیجا ہے۔ انہوں نے کمیشن کو اپنا بیان ... کیلئے۔ اس مکتوب میں کہا گیا ہے کہ یہ کمیشن بدنیتی سے قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے اعتراض کیا کہ کمیشن کی انکوائری شفاف نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دس سال تک بطور وزیراعلی وہ رہے۔ ان کا نام بھی اس معاملہ میں لیا گیا۔ چندر شیکھر راو نے کہا کہ ان کا خیال ہے کہ کمیشن کے سامنے انہوں نے جو کچھ کہا اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت کے دور میں بجلی کے معاملہ میں انقلابی تبدیلیاں لائی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 24 گھنٹے عوام کو بجلی فراہم کی ہے۔ ریاست میں بجلی کا شعبہ قبل ازیں مشکل حالات میں تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک حقیقت ہے۔ مایوس کسان خودکشی کرتے ہیں، موٹریں جل جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنریٹرس اور انورٹرز کا دور تھا۔

☆☆☆

بڑے ردوبدل میں ریاستی حکومت نے تقریباً 20 آئی اے ایس عہدیداروں بشمول 7 ضلع کلکٹرس کا تبادلہ کیا۔ انتظامیہ میں آسانی اور ریاست کے مختلف اضلاع میں کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے یہ تبادلے کئے گئے ہیں۔ جن عہدیداروں کے تبادلے کئے گئے ان میں مزمل خان کا تبادلہ کرتے ہوئے کلکٹر کھمم مقرر کیا گیا ہے۔ سنتوش کو کلکٹر ناگر کرنول، سندیپ کمار جھا کو کلکٹر راجنا سرسلہ، انوراگ جینتی کو کلکٹر کریم نگر، آشیش سنگوان کو

کلکٹر کاماریڈی، جتیش پاٹل کوکلکٹر بھدرادری کوتہ گوڑم، راہول شرما کوکلکٹر جئے شنکر بھوپال پلی، سکیتا پٹنائیک،کلکٹر نارائن پیٹ، کے سری ہرشا کلکٹر پداپلی اور پرووینا کلکٹر ہنمکنڈہ مقرر کئے گئے ہیں۔

☆☆☆

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ بی آر ایس پارٹی جلد ہی بی جے پی میں ضم ہوجائے گی۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ اپنے فارم ہاؤس تک محدود ہوگئے ہیں اور بی آر ایس کا دورہ ختم ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سابق وزیر ہریش راؤ کو کانگریس پارٹی پر تنقید کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔وزیر موصوف نے الزام لگایا کہ بی آر ایس نے کالیشورم پراجکٹ اورمشن بھاگیرتا میں رشوت خوری کی ہے،انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس کی پیشرو حکومت نے تعلیم کے شعبہ کو نظرانداز کردیا۔

☆☆☆

ملٹی زون آئی جی پی سدھیر بابو نے فرائض کی انجام دہی میں لاپرواہی پر نارائن پیٹ ضلع کے اوٹکور کے پولیس سب انسپکٹر کو معطل کردیا۔ اس سلسلہ میں آئی جی نے احکام جاری کئے۔واضح رہے کہ وٹکور منڈل کے چناپورلا گاؤں کے ایک شخص جی سنجیو کواراضی کے تنازعہ پر اس کے ارکان خاندان نے مارپیٹ کر ہلاک کردیا تھا۔وزیر اعلیٰ نے اس واقعہ کا سخت نوٹ لیتے ہوئے ڈی جی پی کو ہدایت دی تھی کہ وہ اس واقعہ کی تحقیقات کروائیں۔حکومت نے اس واقعہ کوروکنے میں پولیس کی لاپرواہی کا سنگین نوٹ لیتے ہوئے سب انسپکٹر کو معطل کردیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کوئلہ وکانکنی کشن ریڈی نے مرکزی مملکتی وزیر ستیش چندر دوبے کے ساتھ نئی دہلی میں ایک اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے وزات کے سینئر عہدیداوں کے ساتھ کوئلہ کے شعبہ کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔جن میں اراضی کے لیز کی پالیسی میں ترمیم اور کوئلہ کی تجارت کے تبادلہ بھی شامل ہے۔